# سماوار



شبنم بنت رشید
پہلگام اننت ناگ
فون نمبر: 9419038028

وادی یمبرزل کے کسی گاؤں یا شہر میں منگنی یا شادی بیاہ کی تقریب میں، مہندی مایوں ہو یا ولیمہ یا ہو نکاح کی مجلس، حج عمرہ پر جانے یا واپس آنے کا مبارک دن ہو یا لاڑلی بیٹی کے کان چھیدنے کا فنکشن۔ نظر و نیاز ہو یا زمین داری سے جڑا کوئی خاص دن۔ تعزیت کی محفل ہو یا عیادت کا سلسلہ۔ ہال ہو یا پنڈال۔ موسم گرم ہو یا سرد ہر حال میں مہمانوں کی آمد اور شرکت پر انکے ادب اور احترام، استقبال اور خوشی کا اظہار کرنے کے لئے میزبان کی طرف سے ایک چاندی کے فوارے کی طرح اپنی ایک مخصوص جگہ پر چینی کی خوبصورت پیالیوں اور یہاں کی روائتی روٹیوں کے ساتھ اپنے اندر دہکتے ہوئے انگارے لیے ہوئے کہیں سادہ تو کہیں منقش تانبے کا سماوار کہیں گلابی نمکین چائے۔ تو کہیں زعفران قہوے کی خوشبو سے فضا کو معطر کر کے اپنی اہمیت اور شان خود بیان کر رہا ہوتا ہے۔

یہاں کی دلہن چاہے ہائی کلاس سے تعلق رکھتی ہو یا کسی سفید پوش گھرانے سے اسے تو شادی کے ابتدائی سات دنوں میں میکے کی طرف سے سستے مہنگے کی پرواہ کئے بغیر کچھ لوازمات کے ساتھ یہی سماوار پہلے تحفے میں دینے کی روایت ہے۔ اسے بھی تو سسرال میں بے صبری سے اس اہم اور منفرد تحفے کا انتظار ہوتا ہے۔ اصل میں اس روایت کے اندر دو خاندانوں کے جڑنے اور دلہا دلہن کے مستقبل میں خوشگوار اور کامیاب ازدواجی زندگی کی خواہش کا پیغام ہوتا ہے۔ سماوار کسے کہتے ہیں؟ اسکی بناوٹ کیسی ہے؟ اسکے سرخی مائل رنگ کو کیسے چاندی جیسے رنگ میں بدل دیا جاتا ہے؟ اس سے تو یہاں کا بچہ بچہ واقف ہے۔ رہی اس کی قیمت کی بات عام تانبے کی نسبت سماوار کے تانبے کی قیمت کچھ زیادہ ہی ہوتی ہے۔ جتنا زیادہ وزن اتنی ہی زیادہ قیمت۔ ہر جگہ کرایے پے دستیاب ہونے کے باوجود یمبرزل وادی کے ہر چھوٹے بڑے گھر میں موجود ہوتا ہے۔ کاروبار، روزگار، روایات کے علاوہ یہاں قابل رشک مہمان نوازی اور سماوار کے درمیان کافی پرانا اور گہرا رشتہ ہے جس کا گواہ یہاں کا کاریگر، دوکاندار، خریدار، میزبان، مہمان اور سماوار ہی نہیں بلکہ ہمارا ماضی اور آج کا وقت بھی ہے۔ مگر وقت نہ ایک جیسا رہتا ہے اور نا ہی کبھی ٹھہرتا ہے۔ وقت کب، کیوں، کیسے اور کس وقت بدل جائے اسے تو بنی آدم بالکل بے خبر ہے۔ کسی کے لیے یہ وقت کٹھن ہوتا ہے اور کسی کے لیے آسان اور مہربان۔ کبھی کبھی وقت انسان سے بڑے بڑے مشکل امتحان لے لے کر آگے بڑھتا ہے مگر وقت کے پاس ہی ہر مشکل کا حل ہوتا ہے۔ اور وقت کے پاس ہی ہر زخم کا مرہم بھی ملتا ہے۔ اسے بھی تو اس مشکل وقت پر پیسوں کی سخت ضرورت تھی۔ وہ پیسوں کا انتظام کہاں سے کرے؟ اسکی سمجھ میں کچھ بھی نہیں آ رہا تھا۔


محمد سلطان کا نام کافی مشہور تھا۔ اسکی کافی عزت تھی۔ شاید اس لیے کہ وہ ایک اچھا انسان تھا۔ یا پھر شاید اس لئے کہ وہ ایک بہترین ہنرمند کاریگر تھا۔ بچپن سے ہنرمند ہاتھوں سے شاہ زمان کے کارخانے پر تانبے کی جاذب نظر چیزوں کے علاوہ چھوٹے بڑے سماوار گھڑتا تھا۔ جن کے بدلے شاہ زمان یہاں اور باہر کے کسی بڑے شہر میں اپنے شوروم پر فروخت کر کے خریداروں سے موٹی موٹی رقم وصولتا تھا۔ مگر محمد سلطان چند ہزار روپیوں کے عوض ایک ہی ڈگر پر خاموشی سے زندگی گزار رہا تھا۔ ساتھ ساتھ اپنی بیٹی کے مقدر سے بے خبر بڑے دھیان سے تربیت اور پرورش بھی کر رہا تھا۔ اس کا دل چاہتا تھا کہ وہ حج پر جائے اپنے اہلوعیال کو دنیا کی سیر کرائے۔ انکے دامن میں آسمان سے خوشیوں کے تارے لا لا کر بھر دے مگر عمر بھر اسکی کوئی بھی خواہش پوری نہ ہوئی۔ محمد سلطان نے زندگی بھر لوگوں کی فرمائش پر مختلف سائز کے بے شمار سماوار بنائے۔ مگر اب کی بار اسکی اپنی لاڑلی بیٹی کی باری آئی تو اسنے پیچھے مڑ کر اپنی بیتی زندگی پر ایک نظر ڈالی جو بالکل لاحاصل گزر چکی تھی۔ سامنے دیکھا تو مہنگائی ایک کالے بدصورت دیو کی طرح کھڑی تھی۔ پھر بھی اپنے ہاتھ پاؤں مار کر اپنے مقدور سے بڑھ کر خرچ کر کے خوشی خوشی اپنی بیٹی کو گھر سے رخصت کیا۔

نیلوفر کا سسرال ایک اچھا اور کھاتا پیتا گھرانہ تھا۔ شاہانہ طرز پر گھر ہونے کے ساتھ ساتھ نیلوفر کا کشادہ کمرہ بھی بڑی نفاست سے سجایا گیا تھا۔ آج نہ جانے کیوں بیڈ پر بیٹھ کر نیلوفر نے اپنے کمرے کا بغور مشاہدہ کیا۔ کمرے کے ماربل کے فرش پر ایک طرف خوبصورت قالین اور ایک طرف صوفہ۔ ایک دیوار کے ساتھ مہنگا ڈریسنگ ٹیبل اور دوسری دیوار کے ساتھ بڑا سا وارڈروب جس کے بغل میں ایک شاندار شوالماری جس پر پہلے سے ہی تانبے، پیتل، لکڑی اور کانچ کی چھوٹی چھوٹی چیزیں سجائی ہوئی تھیں۔ کمرے کے ایک کارنر میں ایک خوبصورت بھاری سیاہ اور سنہری گل دان اور دوسرے کارنر میں نیلوفر کے ابا کے ہاتھوں سے بنایا گیا تانبے کا قدآور، منکش، نقرئی سماوار جس کو کارنر کے ٹیبل پر سجانے کا مشورہ ناصر نے دیا تھا کیونکہ ناصر چینی، مٹی اور تانبے سے بنی ہر چیز کا بڑا زبردست شوقین تھا۔ خاص کر یہ سماوار تو اسے بہت پسند تھا۔

شادی کے ابتدائی کئی سال پرسکون اور آرام سے گزرے۔ نہ کوئی غم اور نا ہی کوئی پریشانی۔ ہر طرف خوشیوں کا اجالا تھا۔ نیلوفر کے وہم و گماں میں بھی نہیں تھا کہ آنے والا وقت اسکے ساتھ آنکھ مچولی کا کھیل کھیلنے والا ہے۔ نہ جانے کب، کیسے، کس وقت ناصر کو آوارگی کا روگ لگ گیا۔ سب سے پہلے اپنی عزت اور کاروبار کا ہی دیوالیہ نکال دیا۔ پھر نشے کی حالت میں گھر آنا شروع کر دیا۔ نشہ تو نشہ ہوتا ہے کچھ دیر بعد اتر ہی جاتا ہے۔ پھر وہ ایک اچھے انسان، اچھے شوہر، اچھے باپ کے تمام طور طریقے بالا طاق رکھ کر پورے ہوش و حواس میں نیلوفر کے گھٹنوں پر ہاتھ مارنے لگا۔ جس کی وجہ سے گھر کے اندر ایک ان دیکھا خوف کا ماحول طاری ہونے لگا۔ نہ بڑوں کا لحاظ نہ عزت کا خیال نہ ہی اہل و عیال کے فرائض کا احساس۔ ماں باپ نا اہل بیٹے کی کرتوت دیکھ کر قبروں میں چلے گئے۔ دور نزدیک کے رشتہ داروں نے ترک تعلقات کر کے نیلوفر کو مشکل اور اہم وقت پر دکھ کے پہاڑ پر اکیلے چھوڑ دیا۔ مگر وہ تو تھی ایک باہوش لڑکی۔ چاہتی تو خود کو اور اپنی بیٹی کو اس ماحول سے نکال کر دور کہیں چلی جاتی۔ لیکن میکے چلے جانا تو دور کی بات وہاں بزرگ والدین کو بتانا بھی مناسب نہ سمجھا۔ اس لئے گھر یا گور، گھر کو ہی چننا پڑا۔ لیکن گھر کے اندر ہی تو ناصر نے اسے زندہ درگور تو کر دیا مگر اسے جی تے جی دفن ہونا قبول نہ تھا۔ دوسری طرف ایک آوارہ انسان کے ساتھ رہنا بھی آسان نہ تھا۔ دل کو مضبوط کر کے غموں سے سمجھوتا کر کے اسی زندگی کو اپنایا۔ آج وہ نامور کاریگر کی بیٹی اور اچھے گھر کی بہو ہی نہیں بلکہ خوددار ماں بن کر اجنبی راستوں پر اپنی ننھی بیٹی کو گود میں لے کر اپنے عزت نفس اور کردار کا احساس لیے کام کرنے نکل پڑی۔ یہ سلسلہ کافی عرصے چلتا رہا اور وقت بھی وقت کی رفتار چلتا رہا۔ آخر کار پاگل پن کی ڈگر پر لا کر ناصر کو دوستوں نے اپنی دوستی سے بے دخل کر ہی دیا۔ پہلے ناصر کی بری عادتوں نے اب اسکے کالے پیلے چہرے، ہلکے کمزور بدن اور دماغی حالت نے نیلوفر کے وجود کو کھوکھلا تو کر دیا پھر بھی اس نے دل میں فیصلہ کر لیا کہ پیسوں کا انتظام ہوتے ہی اس کا مکمل علاج کروائے گی۔ مگر دوسری طرف ان دونوں کی بیٹی ندا تعلیم اور عمر کے زینے طے کرتی گئی۔ اس سال بیٹی کو دسویں جماعت تک پہنچاتے پہنچاتے نیلوفر نے اطمینان کی سانس تو لے لی مگر اچھے نمبرات لا کر ندا ڈاکٹر بننے کے خواب دیکھنے لگی۔ نیلوفر جانتی تھی کہ حالات اور ماحول خوابوں پر بندشیں نہیں لگا سکتے۔ مگر خواب دیکھنا انکے لئے آسان نہ تھا۔ کیوں کہ ندا کے خواب کا مطلب ہی تو مشکل مہنگی پڑھائی تھا جو نیلوفر کے لیے نہ مذاق تھا اور نا ہی آسان ورنہ نیلوفر اپنی ذہین بیٹی کے خوبصورت خواب کو نظرانداز کرنے کا خواب میں بھی کہاں سوچ سکتی۔

ندا نے خود ہی خاموشی سے سرکاری گرلز سکول میں داخلہ لے لیا اور دن رات محنت کرنے لگی۔ ابھی نیلوفر شوہر کی حالت دیکھ دیکھ کر ویسے ہی پریشان ہو رہی تھی کہ اسکول کی ایک ہمدرد ٹیچر نے اس کو اسکول بلا کر کہا مجھے تمہیں مشورہ دینے کا کوئی حق نہیں مگر ندا کی محنت اور لگن دیکھ کر لگتا ہے کہ اس کا مستقبل تابناک ہو سکتا ہے مگر اس کے لیے سرکاری اسکول کی پڑھائی کافی نہیں۔ اس کے لیے پرائیویٹ ٹیوشن کی بے حد ضرورت ہے۔ اگر ممکن ہو سکے تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نیلوفر ٹیچر کی طرف بے چارگی اور بے بسی سے دیکھتی رہی۔ کوئی جواب دیے بغیر گھر آ کے خوب روئی۔ بس ایک بات سمجھ آئی کہ حالات سے مقابلہ کرنے کے باوجود حالات ہی انسان کو بے بس اور عاجز کر دیتے ہیں۔ سر پر چھت کے سوا ان ماں بیٹی کا کوئی آسرا نہ تھا۔ رشتوں کا خون تو بہت پہلے ہی سفید ہو چکا تھا۔ مگر ماں تو ماں ہوتی ہے۔ ہمدرد اور حوصلے والی ماں نصیب والوں کو ملتی ہے۔ نیلوفر نے اپنے آنسوں صاف کیے اور اٹھی الماری کھول کر اپنے زیورات کے ڈبوں کو ٹٹولنے لگی۔ مگر وہاں کچھ بھی نہ ملا کیونکہ بہت پہلے زیورات پے تو ناصر اپنا ہاتھ کر چکا تھا جس کی سزا وہ آج نیلوفر کے قدموں میں تڑپ تڑپ کر بھگت رہا تھا۔ بے بس ماں کو دیکھ کر ندا نے نیلوفر سے کہا ماں ڈاکٹر بننا یا نا بننا مقدر کی بات ہے۔ آپ کو پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔ مجھ پر یقین کرلو میں خوب محنت کروں گی۔ اندر ہی اندر نیلوفر اپنی بیٹی کے مستقبل کے لئے اپنی جان بھی قربان کرنے کے لئے تیار ہوئی۔ اسلئے پریشان حال بت کی طرح کافی دیر بیٹھی رہی۔ اپنے ہاتھوں سے ہی اپنے چہرے کو رگڑنے لگی۔ اچانک اس کا ہاتھ اپنے کان کی طرف گیا تو اس کی جان میں جان آئی۔ کانوں میں پہنی دونوں بالیاں نکال لی جو نہ جانے کیسے ناصر کی نظروں سے بچا کر آج تک رکھی تھی۔ انہیں فروخت کر کے ندا کو ٹیوشن جانے کے لیے راضی تو کر لیا مگر اس کے باپ کو اللہ کے بھروسے کیسے چھوڑ سکتی تھی۔ وہ جیسا بھی تھا، تھا تو انکا اپنا۔ کسی اپنے کی جان بچانے کے لیے گھر کی کوئی انمول چیز تو کیا جان تک بیچنے کی روایت بھی تو دنیا میں آج تک چلتی آرہی ہے۔ اس روایت کو پال کر نیلوفر بیتے دنوں کو واپس تو نہیں لا سکتی۔ مگر اسے اپنا ایک اہم فرض نبھانا بھی تو مقصود تھا۔ وہ بالکل ٹوٹ گئی۔ شدید پریشانی کے عالم میں ادھر اُدھر اپنی نظریں دوڑائی تو اسکی نظر سامنے کارنر میں ٹیبل پر رکھے ابا کے ہاتھوں سے بنے سماوار پر پڑی۔ وقت اور حالات کی کافی دھول مٹی کی ایک پرت اس سماوار پر ہونے کے باوجود وہ ثقافت کا، روایت کا خوشحالی کے موسم میں سخاوت کا، محبت کا اور بے بسی کے موسم میں امیدوں کا مجسمہ وہ نقرئی سماوار ایک شہکار لگ رہا تھا۔ سب شہکاروں میں الگ اور اعلی شہکار۔ ایک شہکار ہی تو ہوتا ہے یمبرزل وادی کا سماوار۔

# افسانچے۔۔۔۔۔



ڈاکٹر نذیر مشتاق

## دیوار

یونیورسٹی میں ایک ساتھ تعلیم مکمل کرنے کے بعد وہ دونوں شادی کے بندھن میں بندھ جانا چاہتے تھے۔۔۔۔۔ دونوں کے خاندان ہر لحاظ سے مناسب تھے دونوں پر امید تھے کہ ان کی شادی میں کوئی مسئلہ درپیش نہیں آئے گا۔۔۔۔۔۔ مگر ان کی امید کے برخلاف لڑکے والوں نے شادی سے انکار کیا۔۔۔۔۔۔

جب باپ کے سامنے لڑکا ہار گیا تو اس نے اپنے ماموں مولانا محمود الحسن مدنی سے مدد طلب کی۔۔۔۔۔۔ مولانا اور لڑکے کے باپ کے درمیان بہت دیر تک بحث ہوتی رہی۔۔۔۔۔ لڑکے کا باپ کسی بھی صورت میں رضامند نہیں ہو رہا تھا۔ آخر مولانا غصے سے تھر تھرانے لگا اور پوچھا۔۔۔۔۔ آخر تم کیوں اس رشتے کے درمیان دیوار بن کر کھڑے ہو کیا بگاڑا ہے تمہارا ان معصوم بچوں نے۔۔۔۔۔۔۔

کچھ بھی ہو یہ شادی نہیں ہوگی

مگر کیوں کیا خرابی ہے لڑکی والوں میں۔۔۔ مولانا نے پوچھا۔۔۔

لڑکے کے باپ نے غصے میں جواب دیا۔۔۔۔۔ یہ شادی اس لیے نہیں ہوگی کہ لڑکی کا باپ دیوبندی ہے اور میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ کہہ کر چلا گیا۔۔۔

## ہمشکل

عادل ڈرائیو کر رہا تھا اور اس کا ساتھی شمیم بائیں والی سیٹ پر بیٹھا کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔ بھلا ہو ہمارے نئے چیف کا۔۔۔۔ کتنا کام کرواتا ہے۔۔ کتنا کما لیتے ہیں ہم۔۔۔۔۔۔ ایک وہ پرانا چیف۔۔۔ بدذات۔ بدزبان۔۔ رشوت خور۔ اف کتنی رشوت لیتا تھا۔ شکر کہ ریٹائر ہوا۔۔ بھلا ٹل گئی جان چھوٹ گئی۔۔۔۔ اچانک کار رک گئی۔۔۔ چلو آج اس مسجد میں جمعہ کی نماز ادا کرتے ہیں۔۔ عادل نے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دونوں گلی کے نکڑ پر ایک سہ منزلہ عالی شان اور خوبصورت مسجد میں داخل ہوئے۔۔۔۔

نماز ادا کرنے کے بعد دونوں پھر کار میں بیٹھ گئے

اچانک شمیم نے کہا۔۔۔۔ تم نے دیکھا اس مسجد کا صدر تقریر کرتے وقت بالکل ہمارے سابق چیف کا ہمشکل لگتا تھا۔۔۔ ہمشکل نہیں بالکل وہی تھا۔۔۔ عادل نے مسکراتے ہونے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## رکاوٹ

سر ہم نے حرام گوشت سپلائی کرنے والے گروہ کا پتہ لگایا ہے۔۔۔۔ انہوں نے پاندہ جنگل کے نزدیک ایک ہٹ میں خفیہ میٹنگ بلائی ہے۔۔۔ ہم نے ہٹ کو گھیرے میں لیا ہے۔۔ ہمارے بندوق بردار سپاہی مستعد ہیں۔۔ آپ کا کیا حکم ہے۔۔۔ پولیس آفیسر دلاور خان نظمی منسٹر سے کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

منسٹر نے۔ جواب دیا۔۔۔ او کے جو بھی کرنا ہے قانون کے دائرے میں۔۔۔۔ اسی وقت اس کے گھر سے فون آیا۔۔۔۔۔۔ سنیے۔ ابھی ابھی میرے بھائی کا فون آیا۔۔ اسے اپنے گروہ کے ساتھ پولیس نے گھیر لیا ہے۔۔۔۔ پولیس سے کہہ دیں کہ ان کو جانے دیں میرا اکلوتا بھائی ہے۔۔۔۔۔۔ منسٹر نے پولیس آفیسر کو دوبارہ فون کیا۔۔۔۔۔ آفیسر اس وقت ان لوگوں کو جانے دو۔۔ پھر کبھی ان کو گرفتار کر لیا جائے گا

پولیس آفیسر کا پارہ چڑھ گیا۔۔۔ سر یہ کیا کہہ رہے ہیں آپ۔۔۔۔۔ یہ لوگ قاتل ہیں۔ ان کو۔۔۔

جو کہا وہ کرو۔۔۔۔۔ منسٹر نے جواب دیا اور فون بند کر دیا

آفیسر کے اسسٹنٹ نے پوچھا سر اب کیا کرنا ہے

آفیسر تھوڑی دیر سوچتا رہا۔۔۔۔ پھر چہرے سے پسینہ پونچھتے ہوئے کہا

سنو۔۔۔ میرے ڈرائیور سے کہدو۔۔۔ گاڑی میں پٹرول سے بھرا ڈبہ ہے۔۔۔۔ وہ لائے اور اس ہٹ کے چاروں طرف چھڑکے۔۔۔۔۔۔ اور ہاں۔۔۔ یہ لو میرا خوبصورت میوزیکل لائٹر۔۔۔۔۔۔

## اعتیاد۔۔۔۔۔ Addiction

رام گوپال گھٹنوں میں۔ سر دبائے۔ پھوٹ پھوٹ کر رو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ سوامی جی چلا چلا کر کہہ رہے تھے۔۔ سات جنموں تک۔۔۔ نرک کی آگ میں جلے گا وہ پرش جو اپنی پتنی پر ہاتھ اٹھاتا ہے۔۔۔۔ اس نے فیصلہ کیا کہ اب کبھی وہ بیوی کو نہیں مارے گا

رام گوپال آج شراب کی دکان پر جانے کی بجائے سیدھا گھر پہنچا۔۔۔۔۔۔ اور چپ چاپ ایک کونے میں بیٹھ گیا

اس کی بیوی حیران و پریشان سوچنے لگی کہ اس کے شوہر کو کیا ہو گیا ہے۔۔۔ شراب کے نشے میں پٹائی۔۔ گالیاں۔۔۔ طعنے۔۔۔ بال پکڑ کر فرش پر گھسیٹنا

۔۔۔۔۔۔۔،۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آج کچھ بھی نہیں۔۔۔۔۔۔ وہ خوشی سے پھولے نہیں سمائی۔۔۔۔۔ رام گوپال نے پتنی کو سوامی جی کے بارے میں سب کچھ بتایا۔۔۔۔

رات کے دو بجے رام گوپال خراٹے لے رہا تھا مگر اس کی پتنی کی آنکھوں سے نیند روٹھ گئی تھی۔۔۔ وہ کروٹیں بدل رہی تھی۔۔۔ وہ پریشانی کے عالم میں کبھی اٹھتی کبھی بیٹھتی اس کا انگ انگ دکھ رہا تھا۔۔۔ وہ بے قراری کے ساگر میں ڈوبتی چلی جا رہی تھی

اچانک اس کے بوجھل دماغ میں ایک آوارہ خیال کلبلایا۔۔۔۔۔۔۔۔ کاش انہوں نے سوامی جی کی بات سنی نہیں ہوتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔،۔۔۔۔

## آخری خط۔۔۔

میرے پیارے بیٹے۔۔۔۔۔۔۔ میرے مرنے کے بعد میرا یہ خط تمہیں میری قمیض کی جیب میں ملے گا۔۔۔ تمہاری بیوی کو کیا خوب ترکیب سوجھی۔۔۔۔ جو مریض لگاتار دس برسوں سے روزانہ پانچ چھ دوایاں کھا رہا ہے اسے کبھی کبھی سات دن کے لئے ساری دوایاں بند کرنی چاہئے تاکہ جسم کو راحت ملے۔۔۔۔ ایسا تازہ ترین تحقیق سے ثابت ہوا ہے یہ اس کے اپنے ذہن کی اختراع ہے میرے ڈاکٹر نے مجھ سے کہا تھا کہ میں مرتے دم تک کسی بھی صورت میں کوئی بھی دوا مس۔ miss نہ کروں بات۔ دراصل یہ ہے اب میں تم دونوں پر ناقابل برداشت بوجھ بن چکا ہوں اور تم کسی بھی طرح مجھ سے چھٹکارا پانا چاہتے ہو۔

اس لیئے میں نے دوایاں کھانا ترک کیا اور مجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ میں ادویات کے بغیر کچھ ہی دن زندہ رہ سکوں گا۔۔۔ میں اب جا رہا ہوں مجھے معلوم ہے میرے قاتل تم ہو۔۔۔۔۔۔۔

مجھے نہیں معلوم کہ مجھے قتل کرنے کے جرم میں اللہ تعالی تمہیں کیا سزا دے گا مگر میں تمہیں اپنا خون معاف کرتا ہوں کیوں کہ میں تمہارا باپ ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔

